ذاتی جائزہ:14

نمبر شمار	اللہ عدل، احسان اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے بے حیائی، برائی اور سرکشی سے روکتا ہے	ہاں	نہیں
1	میں، اللہ کے حقوق کو جاننے اور ان کو ادا کرنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
2	میں حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
3	مجھے اللہ کی مخلوقات (جانوروں، پرندوں، حشرات الارض اور نباتات) کے حقوق معلوم ہیں اور ان کے حقوق ادا کرنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
4	مجھے اللہ کی نگرانی کا پورا یقین ہے اور میں عمدگی کے ساتھ اس کی اطاعت کرنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
5	میں اپنی جان پر ایسی چیز کا بوجھ نہیں ڈالتا/ ڈالتی جس کے اٹھانے کا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم نہیں دیا ہے؟		
6	میں جن کاموں کی ذمہ دار ہوں ان کے درمیان عدل کرتا/ کرتی ہوں خواہ وہ میرے چھوٹے بہن بھائی ہوں یا اولاد؟		
7	میں اپنی اولاد/ بہن بھائیوں کے درمیان تحفے تحائف دینے اور ان کو پیار کرنے میں عدل کو ملحوظ رکھتا/ رکھتی ہوں؟		
8	میں اپنا ہر فیصلہ عدل کے ساتھ کرنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
9	میں زندگی کے ہر معاملے میں احسان کا رویہ اپناتا/ اپناتی ہوں چاہے وہ گھر کے کام کاج کیوں نہ ہوں؟		
10	میں گناہوں، حرام چیزوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
11	میرا جتنا حق بنتا ہے میں اس سے کم لینے پر راضی ہو جاتا/ جاتی ہوں؟		
12	میں صفائی وطہارت کا اہتمام کرتا/ کرتی ہوں؟		
13	میں وضو اچھی طرح کرتا/ کرتی ہوں اور پوری توجہ کے ساتھ نماز ادا کرتا/ کرتی ہوں؟		
14	میں، اللہ کے حرام کردہ امور سے خاص طور پر تنہائی میں بچنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
15	میں مسلمانوں کی جان، مال اور عزت کی حرمت (ظلم، رسوائی، حقارت نہ کرنا) کا خیال رکھتا/ رکھتی ہوں؟		
16	جن رشتہ داروں سے ناراضگی ہو جائے میں ان کی ناراضگی دور کرنے میں پہل کرتا/ کرتی ہوں؟		
17	میں نیکی کے کام کو اللہ کی خاطر کرتے ہوئے اپنی ظاہری حالت اور باطنی حالت کو ایک جیسا رکھتا/ رکھتی ہوں؟		
18	میں برائیوں سے بچنے کی پوری کوشش کرتا/ کرتی ہوں؟		
19	مجھے جہاں کہیں برائی نظر آئے تو پہلے اسے ہاتھ سے روکنے کی کوشش کرتا/ کرتی ہوں، ورنہ زبان سے اس برائی کا اظہار کرتا/ کرتی ہوں، نہیں تو کم از کم دل میں برا جانتا/ جانتی ہوں؟		
20	میں نے اپنے رشتہ داروں کے ساتھ قرآن وحدیث کی کوئی اچھی بات شیئر کرنے کے لیے ہفتہ میں ایک دن مقرر کر رکھا ہے؟		
21	میں شیطان کے بہکاوے میں آ کر کوئی برائی، بے حیائی، ناانصافی، یا ظلم وزیادتی کا کام کر لوں تو فوراً توبہ واستغفار کر کے گناہ کو چھوڑ دیتا/ دیتی ہوں؟		
22	میں برے اخلاق اور برے اعمال سے پناہ مانگتا ہوں/ مانگتی ہوں؟ میں نیک اعمال اور اچھے اخلاق کی دعا مانگتا/ مانگتی ہوں؟		

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

برے اخلاق اور برے اعمال سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ مُنۡکَرَاتِ الۡاَخۡلَاقِ وَالۡاَعۡمَالِ وَالۡاَهۡوَاءِ ۔[سنن الترمذی:3591]

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ لیتا ہوں برے اخلاق، برے اعمال اور بری خواہشات سے۔

نیک اعمال اور اچھے اخلاق کی دعا

اَللّٰهُمَّ اهۡدِنِیۡ لِاَحۡسَنِ الۡاَخۡلَاقِ لَا یَهۡدِیۡ لِاَحۡسَنِهَا اِلَّا اَنۡتَ وَاصۡرِفۡ عَنِّیۡ سَیِّئَهَا لَا یَصۡرِفُ عَنِّیۡ سَیِّئَهَا اِلَّا اَنۡتَ۔[صحیح مسلم:1812]

اے اللہ! اچھے اخلاق کی ہدایت عطا فرما، تیرے سوا کوئی اچھے اخلاق کی ہدایت نہیں دے سکتا، برے اخلاق کو مجھ سے دور فرما، تیرے سوا کوئی مجھ سے برے اخلاق کو دور نہیں کر سکتا۔

ظاہری وباطنی بے حیائی سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا اصۡرِفۡ عَنَّا الۡفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنۡهَا وَمَا بَطَنَ [الادب المفرد:630]

اے ہمارے رب! ہم سے ظاہری اور باطنی بے حیائیوں کو پھیر دے۔